بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۱۰/۲۰۱۸ مورخہ۲/جنوری ۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **قرارداد نمبر ۲۱ منجانب ملک نصیر احمد شاہوانی۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۷/ دسمبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبرا منجانب ملک نصیر احمد شاہوانی ، رکن اسمبلی بمراد اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔ نیز قواعد و انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲)۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دوماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ ملک کے دیگر صوبوں میں عمر کی بالائی حد میں مذید تین سالوں کی خصوصی رعایت دی گئی ہے لیکن بلوچستان میں تاحال عمر کی بالائی حد میں خصوصی رعایت نہیں دی گئی ہے چونکہ ملک کے دیگر صوبوں کی نسبت صوبہ میں بے روزگاری کی شرح زیادہ ہے جسکی وجہ سے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوانوں جو عمر کیلئے مقرر کردہ بالائی حد کراس کر چکے ہیں کیلئے روزگار کا حصول ناممکن ہوگیا ہے اس لیے اُن میں احساس محرومی اور بے چینی پائی جاتی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ ملک کے دیگر صوبوں میں عمر کی بلائی حد میں دی جانیوالی خصوصی رعایت کے پیش نظر صوبہ کے بے روزگار افراد اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کیلئے عمر کی بلائی حد میں مذید تین سالوں کی خصوصی رعایت دینے کو یقینی بنائے تاکہ ان بے روزگار افراد اور تعلیم یافتہ نوجوانوں میں پائی جانیوالی احساس محرومی اور بے چینی کا خاتمہ ممکن ہو۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت ملک نصیر احمد شاہوانی رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری ملازمتہائے عمومی نظم و نسق، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

نائب معتمد، (سوالات)